خانیوال میں زمینوں کے مالکانہ حقوق کیلئے مظاہرہ کرنے والے مزارعین پر پولیس کا تشدد سفاکانہ اور ظالمانہ عمل ہے۔الطاف حسین

مزارعین کو زمینوں کے مالکانہ حقوق دیئے جائیں،انجمن مزارعین خانیوال کے صدر غلام عباس سیال اور دیگر گرفتار شدگان کو فی الفور رہا کیا جائے

پنجاب کے مزارعین خود کو اکیلا نہ سمجھیں،ایم کیو ایم ہر طرح سے انکے ساتھ ہے۔الطاف حسین کا مزارعین سے اظہار یکجہتی

لندن۔۔۔28 مارچ2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پنجاب کے شہر خانیوال میں زمینوں کے مالکانہ حقوق کیلئے مظاہرہ کرنے والے مزارعین پر پولیس کے تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے مظلوم مزارعین سے مکمل ہمدری اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خانیوال کے مزارعین جو سو سال سے اپنی زمینوں پر کاشتکاری کر رہے ہیں اور رات دن محنت کر کے فصلیں پیدا کر رہے ہیں لیکن آج تک یہ ہزاروں مزارعین زمینوں کے مالکانہ حقوق سے محروم ہیں۔مالکانہ حقوق دینے کے بجائے ان مزارعوں کو ان کی زمینوں سے بیدخل کیا جارہا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ مزارعین اپنے مطالبات کے حق میں خانیوال سے لاہور کی طرف پرامن مارچ کرنا چاہتے تھے لیکن جاگیرداروں کے مفادات کا تحفظ کرنے والی حکومت کے حکم پر پنجاب پولیس نے پرامن نوجوانوں،بزرگوں اور خواتین کو جس طرح بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا،ان کے ٹریکٹروں،موٹر سائیکلوں اور دیگر گاڑیوں کی جس طرح توڑ پھوڑ کی اور جو اندھا دھند گرفتاریاں کیں وہ انتہائی قابل مذمت ہی نہیں بلکہ سفاکانہ اور ظالمانہ عمل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

جناب الطاف حسین نے پنجاب کے مزارعین سے کہا کہ وہ خود کو اکیلا نہ سمجھیں،ایم کیو ایم ہر طرح سے ان کے ساتھ ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ خانیوال کے ان مزارعین کو انکی زمینوں کے مالکانہ حقوق دیئے جائیں،انجمن مزارعین خانیوال کے صدر غلام عباس سیال اور دیگر گرفتار شدگان کو فی الفور رہا کیا جائے اور مزارعین کی آواز کو حکومتی طاقت کے ذریعے دبانے کا سلسلہ بند کیا جائے۔

☆☆☆☆☆